اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 422 (انٹرمیڈیٹ پارٹ II ، کلاس 12th) پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے (انشائی طرز) مارکس: 80

حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (8+1+1=10)

شمس و قمر کو ضد ہے کہ گرمِ سفر رہیں ...... بے رنگیوں میں خالقِ شام و سحر رہیں

شہروں میں انقلاب ، بیاباں میں انقلاب ...... محفل میں انقلاب ، شبستاں میں انقلاب

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (3+3+3+1=10)

پردۂ خاک میں سو ، سو رہے جا کر افسوس ...... پردہ رخسار پہ کیا کیا مہِ تاباں لے کر

ابر کی طرح سے کر دیویں گے عالم کو نہال ...... ہم جدھر جاویں گے ، یہ دیدۂ گریاں لے کر

پھر گئی سوئے اسیرانِ قفس بادِ صبا ...... خبر آمدِ ایّامِ بہاراں لے کر

حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10+3+1+1=15)

(الف) ان مساعی کا نتیجہ یہ ہوا کہ مذہب سے بیگانگی بہت حد تک کم ہوگئی اور مغرب کی ذہنی غلامی سے نجات ملی لیکن ساتھ ہی ایک ایسی فضا بھی پیدا ہوگئی جس میں اپنی ہر چیز اچھی اور دوسروں کی ہر چیز بری نظر آنے لگی۔ اس کی اصلاح ضروری ہوگئی۔

(ب) ہاں تو ایسٹ ویسٹ سینٹر اور ہوائی کی یونیورسٹی میں یوں تو ارضی قربت ہے لیکن ازلی رقابت بھی ہے۔ کسی حد تک یہ رقابت صحت مند بھی ہے۔ امریکہ کے بہترین پروفیسر اور اعلیٰ ذہن سردی گرمی لیکچر کے لیے بلائے جاتے ہیں۔ طرح طرح کی نمائشیں ، فلم ، جشن منائے جاتے ہیں۔ اس کی جدید عمارات کے سامنے لمبی سے لمبی موٹریں جو آدھی طلبہ کی اور آدھی پروفیسروں کی ہوتی ہیں ، امریکہ کی افراط کا صحیح ثبوت ہیں۔

4 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (9+1 =10)

(i) دستک (ii) مولوی نذیر احمد دہلوی

5 - اکبر الٰہ آبادی کی نظم " خدا سرسبز رکھے اس چمن کو ، مہرباں ہو کر " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) میرا پسندیدہ شاعر۔

(ii) قومی ترقی میں طلبہ کا کردار۔

(iii) میرا نصب العین۔

7 - ناراض دوست کو منانے کے لیے خط لکھیے نیز ناراضی دور کرنے کی فضیلت بھی تحریر کیجیے۔ (10)

304-422-83000